ادبیات

غزل

جناب آلم مظفر نگری

ساقی ہے میکدہ ہے شراب کہن نہیں — اب کیا پئیں کہ جلوۂ توبہ شکن نہیں
نیرنگیِ مجاز کا یہ بھی ہے اک فریب — پروازِ رنگ و بو ہے بہارِ چمن نہیں
کانٹوں کی سادگی میں بھی لاکھوں بناؤ ہیں — کچھ گُل ہی صحنِ باغ میں گل پیرہن نہیں
جلووں سے بزمِ طور کے کیا واسطہ ہمیں — کیا دل کا داغ شمعِ سرِ انجمن نہیں
جھکتی ہے اس لئے درِ دل پر جبینِ شوق — دل بھی ہے کعبہ بُتکدۂ برہمن نہیں
مایوسیوں کی ظلمتیں چھائی ہیں ہر طرف — غربت کی شام ہے مری صبحِ وطن نہیں
دیر و حرم ہوں دشت و چمن ہوں کہ بزمِ دوست — دل کو سکوں کہیں ترے چرخِ کہن نہیں
کرتا ہے خیر مقدمِ فصلِ بہار کون ؟ — کوئی چمن میں واقفِ رسمِ کہن نہیں
اک موجِ شعلہ پر یہ پتنگوں کا اضطراب — رقصِ خودیِ عشق ہے دیوانہ پن نہیں
گرمِ سفر رہوں نہ کیوں میں راہِ عشق میں — منزل نہیں کہیں، میرا کوئی وطن نہیں
در پردہ دیکھتا ہوں مگر دیکھتا تو ہوں — جلوہ ہے کونسا جو ترا پیرہن نہیں
ہیں اشکِ خوں سے تیلیاں رشکِ بہارِ گل — کہتا ہے کون میرے قفس میں چمن نہیں
پنہاں حقیقتیں ہیں پسِ پردۂ مجاز — بُت آشنا ابھی نگہِ برہمن نہیں
باقی نہیں کہیں اثرِ دعوتِ خلیل — بت گر تو ہر طرف ہیں کوئی بُت شکن نہیں

ناکامیِ وفا سے نہ مایوس ہو آلم
ہے مژدۂ بہار شکستِ چمن نہیں